

# پاکستانیوں کی %27 شرح کے مطابق غزہ میں موجودہ تنازعہ بنیادی طور پر اسرائیل اور فلسطین کے درمیان ہے۔

دیگر مسلم ممالک میں بھی اس حوالے سے یکساں (%28 ) شرح پائی گئی۔






معلوم نہیں/جواب نہیں دیا: 34%

برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کے خیال میں فلسطین کے شہر غزہ میں موجودہ تنازعہ بنیادی طور پر کن کن کے درمیان ہے ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

**بین الاقوامی**

اسرائیل/فلسطین

## پاکستانیوں کی 27% شرح کے مطابق غزہ میں موجودہ تنازعہ بنیادی طور پر اسرائیل اور فلسطین کے درمیان ہے۔ دیگر مسلم ممالک میں بھی اس حوالے سے یکساں (28%) شرح پائی گئی۔


**(گیلپ پاکستان اور واپورونا سروے 2024)،**

(اسلام آباد) ،29 اکتوبر، 2024

گیلپ &گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی 27% شرح کے مطابق غزہ میں موجودہ تنازعہ بنیادی طور پر اسرائیل اور فلسطین کے درمیان ہے۔ دیگر مسلم ممالک میں بھی اس حوالے سے یکساں (28%) شرح پائی گئی۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ " **برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کے خیال میں فلسطین کے شہر غزہ میں موجودہ تنازعہ بنیادی طور پر کن کن کے درمیان ہے؟**"۔اس سوال کے جواب میں 27% جوابدہندگان کے مطابق فلسطین کے شہر غزہ میں موجودہ تنازعہ ''عمومی طور پر اسرائیل اور فلسطین کے درمیان'' ہے، 26% جوابدہندگان کے مطابق ''مغربی ممالک، اسلام اور مسلمانوں کے درمیان'' ہے، 8% جوابدہندگان کے مطابق ''اسرائیل اور حماس کے درمیان'' ہے، جبکہ 6% جوابدہندگان کے مطابق فلسطین کے شہر غزہ میں موجودہ تنازعہ ''اسرائیل اور عمومی طور پر مسلمانوں کے درمیان اور خاص طور پر عرب کے درمیان'' ہے، تاہم 34% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کے خیال میں فلسطین کے شہر غزہ میں موجودہ تنازعہ بنیادی طور پر کن کن کے درمیان ہے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**غزہ میں موجودہ تنازعہ کے حوالے سے نتائج کا دیگر مسلم ممالک کے ساتھ موازنہ:** غزہ میں موجودہ تنازعے کے حوالے سے پوچھے جانے پر پاکستان اور دیگر مسلم ممالک میں جوابدہندگان کی جانب سے اس کی بنیادی وجہ دو آپشنز 'عمومی طور پر اسرائیل اور فلسطینی کے درمیان تنازعہ' یا 'مغربی ممالک، اسلام اور مسلمانوں کے درمیان تنازعہ' کو بتایا گیا۔ پاکستان اور دیگر مسلم ممالک میں اس حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح میں صرف 1% کا فرق دیکھنے میں آیا۔اسی دوران، صرف 8% پاکستانیوں نے اسرائیل اور حماس کو غزہ میں موجودہ تنازعہ کی بنیادی وجہ قرار دیا، جبکہ دیگر مسلم ممالک میں اس حوالے سے شرح 19% پائی گئی۔اس کے علاوہ، صرف 6% پاکستانیوں کے خیال میں غزہ میں جنگ کی بنیادی وجہ "اسرائیل اور عمومی طور پر مسلمانوں کے درمیان اور خاص طور پر عرب کے درمیان تنارعہ" ہے جبکہ دیگر مسلم ممالک میں اس حوالے سے شرح 20% پائی گئی، پاکستان میں اس حوالے سے شرح نمایاں طور پر کم رہی۔ پاکستانیوں میں "معلوم نہیں/جواب نہیں دیا" کے حوالے سے شرح بھی بہت زیادہ 34% دیکھنے میں آئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1000 خواتین اور مرد حضرات سے 12th ستمبر تا 3rd اکتوبر 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 29th October 2024**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:** Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2024

celebrating 44 years of Gallup Pakistan (1980-2024)